رہبر معظم نے ایک حکم میں حجۃ الاسلام قاضی عسکر کو ایرانی حجاج کا سرپرست مقرر کا ہے - 10 /Jan/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک حکم میں حجۃ الاسلام آقائ حاج سید علی قاضی عسکر کو اپنا نمائندہ اور ایرانی حجاج کا سرپرست مقرر کیا ہے۔

حکم کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جناب حجۃ الاسلام آقائ حاج سید علی قاضی عسکر دامت توفیقاتہ

اب جبکہ جناب حجۃ الاسلام والمسلمین آقائ محمدی ریشہری سبکدوش ہوگئے ہیں ان کی گرانقدر خدمات و زحمات پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور الحمد للہاس اہم و سنگین امر کے بارے میں جنابعالی کے گرانقدر تجربات ، بیشمارصلاحیتیں، خلاقیت و شوق و نشاطاور گذشتہ اہم خدمات کے پیش نظر آپ کو اپنا نمائندہ اور ایرانی حجاج کا سرپرست مقرر کرتا ہوں ۔

حج بیت اللہ الحرام ،اللہ تعالی کی بیکراں نعمتوں کا سمندر ہے اس کی وسعت اور گہرائی کی شناخت ساتھ اس الہی نعمت کے شکر و سپاس پر کمر ہمت باندھنی چاہیےاور اس سے " فرد و امت کے مقیاس ومیزان میں " اپنی ظرفیت میں صحیح فیض واستفادہ کے لئے لحظہ بہ لحظہ اضافہ کرنا چاہیے۔

اللہ تعالی کی بارگاہ سے آپ اور آپ کے ساتھیوں کی اس عظیم کام میں توفیق طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

1388/دی/20